# اردو (لازمی) ایس ایس سی - II

وقت: 2:40 گھنٹے                                        کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم 2-1 صفحات پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوئم (کُل نمبر 30)

**سوال نمبر 2: الف۔ حصہ نثر**

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** (7 x 2 = 14)

آج ہی دوپہر کو تو چچا جان کی بیماری کا خط ملا تھا۔ امی جان کا خیال ہے کہ اگر گھر سے کوئی انھیں دیکھنے چلا جاتا تو اچھا تھا، ورنہ وہ یہی کہیں گے کہ ہم نے بھائی کے مرنے کے بعد بھاوج اور بھتیجے بھتیجوں کا خیال کیا کر پیسے کو پیمانہ سمجھا لیکن وہی برے وقت کے ساتھی نہیں۔ بس وہ اتنا سن کر جانے کو تیار ہو گئی۔ امی جان نے جانے کب سے تین روپے جوڑ کر رکھے تھے، سو نکال کر دیے کہ تم عقیل کو ساتھ لے کر چلی جاؤ۔ عقیل بچہ ہی سہی لیکن ہے تو لڑکا۔ بس یہی ان کی بات تو مجھے زہر معلوم ہوتی ہے۔ جانے وہ لڑکیوں کو کیا سمجھتی ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ میں کیا کوئی لڈو پیڑا ہوں، جو کوئی کھا لے گا اور عقیل کو دیکھ کر ڈر کے مارے اگل دے گا۔ آخر سلمیٰ اور رضیہ بھی تو لڑکیاں ہیں۔ کیسے مزے میں تنہا سفر کیا کرتی ہیں۔ اس پر انہوں نے کہا کہ بھئی! وہ بڑے آدمی کی لڑکیاں ہیں۔

سوالات:

(i) چچا کی بیماری کا خط کب موصول ہوا؟

(ii) لڑکی کے سفر کرنے کی کیا وجہ تھی؟

(iii) عقیل کو ساتھ لے جانے کے مشورے پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟

(iv) چچا کی تیمارداری کے بارے میں امی جان کا کیا خیال تھا؟

(v) امی جان نے لڑکی کو کتنی رقم دی؟ **یا** امی جان نے کتنی رقم جمع کر رکھی تھی؟

(vi) لڑکی ماں کو کس بات پر قائل کرنا چاہتی تھی؟

(vii) اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ **یا** اس عبارت کا خلاصہ تحریر کریں۔

**ب۔ حصہ شعر**

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔** (5 x 2 = 10)

(i) انتشار، اک پیش نامہ ہے، زوالِ ملک کا — اتحادِ قوم و ملت کا، جتن کرتے رہو

(ii) پھر سوزِ دروں، زمزمہ پرداز ہوا ہے — اک خواب کی تعبیر کا آغاز ہوا ہے

(iii) غریبوں کی جاں کو یتیموں کے دل کو — سکوں ہو گیا ہے، قرار آگیا ہے

(iv) دلوں کو فکرِ دو عالم سے کر دیا آزاد — ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

(v) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

سوالات:

(i) انتشار سے کس طرح محفوظ رہا جا سکتا ہے؟ بحوالہ شعر (i)

(ii) کون زمزمہ پرداز ہوا ہے؟ بحوالہ شعر (ii)

(iii) سکون اور قرار کسے میسر آگیا ہے؟ بحوالہ شعر (iii)

(iv) شاعر نے جنون کا سلسلہ دراز ہونے کی دعا کیوں کی ہے؟ بحوالہ شعر (iv)

(v) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟ بحوالہ شعر (v) **یا** آخری شعر کا مرکزی خیال لکھیں۔

ورق الٹیے

RESULT.PK

ج۔ حصہ قواعد

درج ذیل اجزا کے جوابات لکھیں۔ **(3 x 2 = 06)**

(i) صنعت تلمیح سے کیا مراد ہے؟ شعری مثال سے وضاحت کریں۔

(ii) "بچوں نے کتاب پڑھی" اس جملے کی ترکیب نحوی کریں۔

(iii) "کل بول کر جزو مراد لینا" کی وضاحت مثال دے کر کریں۔ **یا** "ظرف بول کر مظروف مراد لینا" کی وضاحت مثال دے کر کریں۔

## حصہ سوئم (کل نمبر 30)

**سوال نمبر 3:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔ **(05)**

کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں۔ ایسی غفلت مجرمانہ ہوتی ہے۔ شاید یہ ہماری غفلت ہی کی سزا ہے کہ مرزا صاحب کو یوں ایکا یکی ہم سے چھین لیا گیا۔ عالم کی موت عالم کی موت ہوتی ہے۔ ابھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ مرزا صاحب کے رخصت ہو جانے سے ہمارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ اب ان کی عدم موجودگی رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ ان کی جدائی کا گھاؤ بڑھتا چلا جائے گا۔

**یا**

شہر کا حال کیا جانوں کیا ہے؟ پون ٹوٹی کوئی چیز ہے، وہ جاری ہو گئی ہے۔ سوائے اناج اور اُپلے کے کوئی چیز ایسی نہیں، جس پر محصول نہ لگا ہو جامع مسجد کے گرد پچیس پچیس فٹ گول میدان نکلے گا۔ دکانیں حویلیاں ڈھائی جائیں گی۔ دارالبقا فنا ہو جائے گی۔ رہے نام اللہ کا۔ خان چند کا کوچہ شاہ بولا کے بڑ تک ڈھے گا۔ دو طرف سے پھاوڑا چل رہا ہے۔ باقی خیر و عافیت ہے۔

**سوال نمبر 4:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(05)**

دوڑتی ہے رات کو، جس کی نظر افلاک پر
دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر
ہل پر دہقاں کے چمکتی ہیں شفق کی سرخیاں
اور دہقاں سر جھکائے، گھر کی جانب ہے رواں

**یا**

گرمی کا روز جنگ کی، کیوں کر کروں بیاں
ڈر ہے کہ مثل شمع نہ جلنے لگے زباں
وہ لو کہ الحذر، وہ حرارت کہ الاماں
رن کی زمیں تو سرخ تھی اور زرد آسماں
آب خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر
گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

RESULT.PK

**سوال نمبر 5:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(05)**

دل کو سکون، روح کو آرام آگیا
موت آگئی کہ دوست کا پیغام آگیا
دیوانگی ہو، عقل ہو، امید ہو کہ یاس
اپنا وہی ہے وقت پر جو کام آگیا

**یا**

غم بھی ہے جزوِ زندگی لیکن
زندگی، اشک اور آہ نہیں
موت بھی زندگی میں، ڈوب گئی
یہ وہ دریا ہے، جس کی تھاہ نہیں

**سوال نمبر 6:** "سچ کی برکت" کے موضوع پر سبق آموز کہانی لکھیں۔ **(05)**

**یا**

ضلعی ناظم کے نام اپنے علاقے میں سکول کے قیام کی درخواست لکھیں۔

**سوال نمبر 7:** دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں: **(10)**

**محنت میں عظمت**

خاکہ:

(i) محنت ایک مسلسل عمل
(ii) محنت کش اللہ کا دوست
(iii) محنت عظمت و بلندی کا وسیلہ
(iv) پاکستان۔ قائد اعظم کی محنت کا نتیجہ
(v) محنت ہی کامیابی کا ذریعہ ہے

**یا**

**تعلیم نسواں**

خاکہ:

(i) تعلیم نسواں کی اہمیت
(ii) اسلام میں عورت کی تعلیم کی اہمیت
(iii) مرد و عورت انسانی گاڑی کے دو پہیے
(iv) تعلیم یافتہ عورت۔ روشن ستارہ
(v) غیر تعلیم یافتہ عورت۔ ملک و ملت کی غیر فعال رکن